## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اتوار کو صدر دفتر میں تقریب منعقد ہوگی

## تقریب سے قائد تحریک الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔9، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں منعقدہ تقریب سے لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ یہ تقریب 10 اکتوبر 2010ء بروز اتوار شام 4:00 بجے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں منعقد ہوگی۔ تقریب کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے تمام انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے۔

## سیلاب سے متاثرہ ایک ایک فرد کی بحالی وامداد کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین انتہائی فکرمند ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اندرون سندھ میں سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں

## دادو میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ، لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، امدادی سامان تقسیم کیا گیا

دادو۔۔۔9، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اندرون سندھ کے مختلف اضلاع میں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان اور غذائی اجناس کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور حق پرست وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے دادو میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان سامان تقسیم کیا جس میں آٹا چاول، گھی دالیں، تیل، خشک دودھ، چائے کی پتی، بچوں کے بسکٹ و چاکلیٹ، جوس کے پیکٹ اور دیگر روز مرہ کی اشیاء اور طبی سہولیات فراہم کی گئیں شامل ہیں۔ اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی جاوید کاظمی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی صوبائی وزیر نثار احمد پنہور، اراکین اور متحدہ سوشل فورم کے ارکان، دادوزون کے ذمہ داران کے علاوہ کویت سے آئے ہوئے سماجی تنظیمی کا وفد بھی ان کے ہمراہ تھا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے سیلاب زدگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں سیلاب سے متاثرہ ایک ایک فرد کی بحالی وامداد کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین انتہائی فکرمند ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ان کی ہدایت پر اب تک سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایم کیوایم کا طرہ امتیاز رہا ہے، آزاد کشمیر، صوبہ پختونخواہ یا پھر ایران کے شہر بام کا زلزلہ ہو یا اندرون سندھ میں قحط سالی ہو ایم کیوایم اور اس کے کارکنان ورضا کاران دکھی انسانیت کی عملی خدمت کیلئے پیش پیش ہیں اور اس کا اجر عظیم اللہ تعالیٰ ضرور دیگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم سیلاب زدگان ک ساتھ ہے اور مشکل کے اس وقت میں ہم انہیں تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ریلیف کے سلسلے میں حکومتی وسائل بھی بروئے کار لائیں گے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ضلع جعفرآباد کے ڈیرہ اللہ یارسٹی میں ایک روزہ مفت طبی کیمپ لگایا گیا

## تقریباً دو ہزار مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں

جعفرآباد۔۔۔9، اکتوبر 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر صوبہ بلوچستان کے ضلع جعفرآباد میں ڈیرہ اللہ یارسٹی میں گزشتہ روز ایک روزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ طبی کیمپ میں بزرگوں، خواتین، نوجوانوں اور بچوں کا زبردست ہجوم دکھائی دیا اس موقع پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹروں اور نیم طبی عملے کے ارکان نے تقریباً دو ہزار مریضوں کا چیک اپ کیا اور بھاری مالیت کی ادویات بھی مفت فراہم کیں۔ طبی کیمپ کی نگرانی کے فرائض ایم کیوایم ضلع جعفرآباد کی ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے انجام دیئے۔ طبی سہولیات سے استفادہ کرنے والے مریضوں نے فری طبی کیمپ لگانے اور ادویات کی فراہمی پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم آزاد کشمیر کے تحت سانحہ 8 اکتوبر کے زلزلہ کے شہداء کی برسی منائی گئی

## قرآن خوانی کی گئی، شہداء کی اجتماعی قبروں پر حاضری دی گئی اور درگاہ سہیلی سرکار پر شہداء کی یاد میں چراغ جلائے گئے

مظفرآباد۔۔۔9، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے تحت سانحہ 8 اکتوبر کے زلزلہ کے شہداء کی برسی انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اوراس سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کی اجتماعی قبروں پر حاضری دی گئی۔تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست رکن اسمبلی سلیم بٹ، ایم کیوایم آزاد کشمیر کے ذمہ داران وکارکنان نے شہدائے زلزلہ کی اجتماعی قبروں پر حاضری دی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھول چڑھائے۔اسی طرح انہوں نے دارالحکومت مظفرآباد سٹی میں شہداء زلزلہ کے ایصال ثواب کیلئے منعقدہ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں شرکت کی اور شہداء کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے خصوصی دعا کی۔بعدازاں سلیم بٹ اور ایم کیوایم آزاد کشمیر کے ذمہ داران وکارکنان نے درگاہ سہیلی سرکار پر شہدائے زلزلہ کی یاد میں چراغ جلائے اورانہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست رکن سلیم بٹ نے کہا کہ آزاد کشمیراورصوبہ خیبر پختونخواہ کے زلزلہ متاثرین کی امداد وبحالی کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی گئی اس سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار ہزاروں کی تعداد میں کئی مہینوں تک زلزلہ متاثرین کی بحالی اورامداد میں مصروف رہے۔انہوں نے کہا کہ جذبے سچے ہوں تو بڑی سے بڑی آفتوں کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرین کی جس طرح سے مدد کی وہ دکھی انسانیت کی خدمت کے ان کے جذبے اورعزم کو ظاہر کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین ملک میں آنے والی ہر آفت اور مصیبت سے نمٹنے کیلئے نہ صرف خود تیار رہتے ہیں بلکہ اپنے کارکنان کو بھی متحرک رکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم اورخدمت خلق فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرین کی اس حد تک عملی خدمت کرنے میں کامیاب ہوئی۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکن محمد مشتاق دیوان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون (شہر) سیکٹر ڈی یونٹ A-5 کے کارکن محمد مشتاق دیوان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔9، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکن اسلم رزاق کی والدہ محترمہ اختر جہاں قادری، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن حمزہ کے بھائی محمد عبداللہ، لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن محمد سلیم (مرحوم) کے بھائی محمد اقبال اور ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکن احسان کے بھائی شوکت کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆